Roll No. | | | | | | |

Answer Sheet No. ____________

Sig. of Candidate: ____________

Sig. of Invigilator: ____________

# اُردو سَلِیس ایچ ایس ایس سی-I

## حصہ اوّل (کُل نمبر:20)

وقت: 25 منٹ

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے اور صفحات 1-2 پر مشتمل ہے۔ اس کے جوابات پرچہ پر ہی دیے جائیں گے۔ اس کو پہلے پچیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

**سوال نمبر1:** دیے گئے الفاظ یعنی الف / ب / ج / د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

(i) سیّد میر معصوم کی مثنوی " رازونیاز " میں کون سی مشہور کہانی بیان ہوئی ہے؟

الف۔ ہیر رانجھا ب۔ لیلیٰ مجنوں

ج۔ سسّی پنوں د۔ سوہنی مہینوال

(ii) اُردو کتنی جلیل القدر قوموں کی چہیتی رہی ہے؟

الف۔ دو ب۔ تین

ج۔ کچھ د۔ بہت سی

(iii) احمد علی شوقؔ قدوائی کی نظم کا کیا نام ہے؟

الف۔ حبِ وطن ب۔ آدمی نامہ

ج۔ مردِ مجاہد د۔ آمدِ بہار

(iv) اہلِ بیت کی تعریف کو کیا کہتے ہیں؟

الف۔ قصیدہ ب۔ مدح

ج۔ نعت د۔ منقبت

(v) نبی کریم ﷺ کی ہجرت سیّد سلیمان ندوی کی کس کتاب سے لیا گیا ہے؟

الف۔ رحمتِ عالمؐ ب۔ رحمتِ دو عالمؐ

ج۔ رحمت اللعالمین د۔ رحمتِ دوجہاں

(vi) اکبرالہ آبادی کس عہدے سے ریٹائر ہوئے؟

الف۔ ایڈیشنل سیشن جج ب۔ سیشن جج

ج۔ پرنسپل د۔ ہیڈ ماسٹر

(vii) مولوی وحیدالدین سلیم کو کس چیز میں ملکہ حاصل تھا؟

الف۔ زباندانی ب۔ چائے بنانے میں

ج۔ اصطلاحات وضع کرنے میں د۔ تقریر کرنے میں

(viii) "سپاہیانہ" میں "انہ" کیا ہے؟

الف۔ سابقہ ب۔ لاحقہ

ج۔ حرفِ اضافت د۔ حرفِ عطف

(ix) میر معصوم شاہ بکھری کس کا مضمون ہے؟

الف۔ عبدالواحد سندھی ب۔ محمود اصفہانی

ج۔ سیّد محمد شبیر علی د۔ نظام الدین بروی

(x) کلام میں کسی ایسی بات کا سبب اس طرح بیان کرنا کہ حقیقت میں وہ سبب نہ ہو۔ کون سی صنعت کہلاتی ہے؟

الف۔ صنعت مراۃ النظیر ب۔ صنعت ایہام

ج۔ صنعتِ تلمیح د۔ صنعتِ حُسنِ تعلیل

(xi) مولانا محمد علی جوہر کہاں دفن ہیں؟

الف۔ ہندوستان میں　　ب۔ برما میں

ج۔ سرزمینِ قدس میں　　د۔ لندن میں

(xii) ''دنیا غرض کی ہے'' کے عنوان سے رباعی کس کی تحریر کردہ ہے؟

الف۔ اکبر الہ آبادی　　ب۔ داغ دہلوی

ج۔ حالی　　د۔ میر انیس

(xiii) کیا عباسی امرت پلا دے گی؟ کون سا جملہ ہے؟

الف۔ استہزائیہ　　ب۔ خبریہ

ج۔ استفہامیہ　　د۔ فجائیہ

(xiv) سیّد احمد شہید کی موت کی وجہ کیا تھی؟

الف۔ زہر　　ب۔ گولی

ج۔ بیماری　　د۔ حادثہ

(xv) احمد علی کس شاعر کا اصل نام تھا؟

الف۔ مولوی محمد اسماعیل میرٹھی　　ب۔ محمد شفیع الدین نیّر

ج۔ احمد علی شوق قدوائی　　د۔ عبدالواحد سندھی

(xvi) مولوی شفیع الدین نیّر کی نظمیں کس طرح کے موضوعات پر ہوتی تھیں؟

الف۔ سیاسی موضوعات　　ب۔ اسلامی اخلاق

ج۔ فطری مناظر　　د۔ قومی موضوعات

(xvii) مولوی نذیر احمد کی تاریخ وفات کیا ہے؟

الف۔ 1912ء　　ب۔ 1910ء

ج۔ 1915ء　　د۔ 1920ء

(xviii) رسولِ پاکؐ نے مدینہ ہجرت، نبوت کے کس سال کی؟

الف۔ گیارہویں　　ب۔ بارہویں

ج۔ تیرہویں　　د۔ چودہویں

(xix) مرکب اضافی میں جس اسم کو نسبت دی جاتی ہے اسے کیا کہتے ہیں؟

الف۔ مضاف الیہ　　ب۔ مضاف

ج۔ صفت نسبتی　　د۔ حرفِ اضافت

(xx) سر سیّد احمد خان نے مولانا حالی کے نام خط میں کس شہر کا ذکر کیا ہے؟

الف۔ دہلی　　ب۔ لکھنؤ

ج۔ حیدر آباد　　د۔ شملہ

---

برائے ممتحن : کُل نمبر: 20 حاصل کردہ نمبر: [ ]

# اُردو سلیس   ایچ ایس ایس سی-I

وقت: 2:35 گھنٹے                                   کُل نمبر حصہ دوم اور سوم 80

**نوٹ:** حصہ دوم اور سوم کے سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ ایکسٹرا شیٹ (Sheet-B) طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصہ دوم (کُل نمبر 20)

**سوال نمبر۲:** درج ذیل اجزاء کے تین سے چار سطروں تک محدود جوابات لکھیں: (5x4=20)

(i) مرزا غالبؔ کے خط میں وہ کون سی خاص خوبی ہے جو عام طور پر خطوں میں نہیں پائی جاتی ؟

(ii) دنیا دارُالعمل ہے اور آخرت دارالجزا ہے۔ وضاحت کریں۔

(یا)

آسمان کو سقفِ ایمان کیوں کہا گیا؟ (بحوالۂ نظم آسمان اور ستارے)

(iii) مصنّف نے مولوی وحیدُالدین سلیم کا جو حلیہ اور لباس بیان کیا ہے وہ تحریر کریں۔

(iv) مندرجہ ذیل کے واحد یا جمع بنائیں:

فن ، حکیم ، صنعت ، قوم

(v) درج ذیل میں سے کوئی سے چار الفاظ و محاورات کے جملے بنائیں۔

شکم سیر ہونا ، مرقوم ، جان بحق ہونا ، اشتہار ، آنکھوں میں آنکھیں ڈالنا

## حصہ سوم (کُل نمبر 60)

**سوال نمبر۳:** سبق اور مُصنِفؔ کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: (1+1+6=8)

الف۔ یوں تو دنیا میں بہت سے شاعر ہو چکے ہیں، لیکن اِس صدی میں جس شاعر نے مسلمانوں کو بیدار کیا اور اُن میں اسلامی جوش پیدا کیا، وہ ڈاکٹر اقبالؒ تھے۔ انھوں نے جنوبی ایشیا بلکہ ساری دنیا کے مسلمانوں کو قرآن کا پیغام سنایا اور بھولا ہوا سبق یاد دلایا۔ ساتھ ہی دوسری قوموں کو بھی دعوت دی کہ امن، انسانیت اور تہذیب کی ترقی چاہتے ہو تو قرآن پڑھو اور رسولؐ کی زندگی کا مطالعہ کرو۔

ب۔ یہ اُنھیں اعمال کی بدولت ہے کہ تم مجھ کو اس حالت میں دیکھتے ہو، ورنہ بہتیرے مجھ سے زیادہ تکلیف میں ہیں۔ حوالات میں جیل کی سی ایذا ہے۔ مگر یہاں اعمال میں خلوصِ نیت شرط ہے۔ میں نے اپنے اعمال کو آ کر دیکھا تو اکثر جھوٹے موتی، کھوٹے روپے، نمازیں بے حضورِ قلب، اکارت گئیں اور روزے چوں کہ پابندیٔ رسم کے طور پر رکھنے کا اتفاق ہوتا تھا، خالی فاقے کے شمار در آئے۔

**سوال نمبر۴:** کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: (8)

الف۔
عزتِ قوم چاہتے ہو اگر
جا کے پھیلاؤ اُن میں علم و ہنر
ذات کا فخر اور نسب کا غرور
اُٹھ گئے اب جہاں سے یہ دستور

ب۔
یہ مال کے لیے تھی نہ تھی جاہ کے لیے
جنگ، اُس کی جنگ تھی فقط اللہ کے لیے
آ شیر مرد! تجھ کو گلے لگائیں ہم
لا خاکِ پا کہ آنکھوں کا سُرمہ بنائیں ہم

**سوال نمبر۵:** اپنی بہن کو خط لکھ کر اُسے اپنی سیر کا حال لکھیں جو حال ہی میں آپ نے سکول کی طرف سے کی۔ (9)

(یا)

اپنی سہیلی / اپنے دوست کو خط لکھ کر اُسے چھٹیوں میں اپنے ہاں آنے کی دعوت دیں۔

**سوال نمبر۶:** اپنی کتاب سے زبانی یاد پانچ اشعار لکھیے۔ اس پرچہ میں موجود اشعار نہیں ہونے چاہئیں۔ (5)

**سوال نمبر۷:** دو طلبہ کے مابین پتنگ بازی کے عنوان پر مکالمہ تحریر کریں۔ (5)

**سوال نمبر۸:** درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: (5)

(i) اسلامی کردار    (ii) حجِ اکبر

**سوال نمبر۹:** درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیں جو 250 الفاظ سے کم نہ ہو: (20)

(i) وقت کی پابندی    (ii) موسمِ برسات

(iii) میرا وطن    (iv) رحمتِ دوعالم